مسافرانِ آخرت

گزشتہ دنوں درج ذیل حضرات وخواتین انتقال کر گئے۔احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ ان کیلئے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔اراکین ادارہ تمام مرحومین کیلئے دعاءمغفرت کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے،درجات بلند فرمائے،اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔آمین (ادارہ)

☆ دارالعلوم کبیر والا کے مہتمم مولانا محمد انور صاحب کی والدہ ماجدہ (۳۱رجنوری)

☆ مجلس احرار اسلام بہاولنگر کے صدر حکیم عبدالغفور صاحب کی اہلیہ مرحومہ

☆ رانا محمد سلیم مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن رانا محمد اشرف صاحب کے بڑے بھائی

☆ رانا شیر محمد صاحب کے جواں سال فرزند (ملتان)

☆ سالار عبدالعزیز مرحوم: مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے صدر اور قدیم احرار کارکن (۱۵رفروری)

☆ صوفی عبدالستار مرحوم: حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے دیرینہ نیاز مند اور مجلس احرار اسلام ملتان کے سابق سالار (۱۷رفروری ۲۰۰۲ء)

☆ محمد سعید مرحوم: پروفیسر ڈاکٹر شاہد کاشمیری (لاہور) کے بڑے بھائی (۱۷رفروری ۲۰۰۲ء)

☆ میاں محمد اویس کی نانی صاحبہ اور میاں محمد نعمان کی دادی صاحبہ مرحومہ (لاہور)

☆ رانا فیض یاب مرحوم: چیچہ وطنی میں ہمارے کرم فرما،حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کے دیرینہ مخلص دوست،صدر انجمن مسجد عثمانیہ،نہایت شفیق ومہربان سماجی،سیاسی کارکن

☆ محترم چودھری میاں خان چیمہ مرحوم: چیچہ وطنی میں ہمارے کرم فرما محترم ڈاکٹر محمد اعظم چیمہ اور محمد آصف چیمہ کے چچا

☆ عبدالقدوس مرحوم: مسجد نور ملتان کے کے مدرس حافظ رحیم بخش کے عزیز (۶رفروری ۲۰۰۲ء)

☆ محترم محمد صادق شاہ صاحب ریجنل منیجر قرشی انڈسٹریز ساہیوال کے کمسن بیٹے

☆ والدہ مرحومہ قاری عبدالقیوم (چکوال)

☆ مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے معاون محترم چودھری غلام شبیر صاحب کے والد ماجد

☆ رانا محمد بشیر مرحوم: مدرسہ ختم نبوت بورے والا کے معاون رانا محمد خالد کے چچا

دعاءِ صحت

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم نذیر بٹالوی صاحب طویل عرصہ سے علیل ہیں۔احباب وقارئین سے اُن کی صحت یابی کیلئے دعاء کی درخواست ہے۔(ادارہ)